نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی سیلابی صورتحال کے پیشِ نظر کاشتکاروں کو بروقت احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایات

لاہور:28 اگست 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق حالیہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر کاشتکاروں کو بروقت احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے تا کہ قیمتی فصلوں اور مویشیوں کو محفوظ بنایا جا سکے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کاشتکار پی ڈی ایم اے کی جانب سے جاری ہونے والے الرٹس پر خصوصی نظر رکھیں اور متاثرہ یا متوقع متاثرہ علاقوں سے اپنے مویشی اور قیمتی سامان کو فوری طور پر محفوظ مقامات پر منتقل کریں۔سیلاب کے بعد کھیتوں میں کھڑی فصلوں اور زمین کو مزید نقصان سے بچانے کے لیے فوری اقدامات ناگزیر ہیں۔محکمہ زراعت نے سفارش کی ہے کہ بیج اور کھاد سمیت دیگر زرعی مداخل کو محفوظ گوداموں میں رکھا جائے تا کہ کسی بھی ممکنہ نقصان سے بچا جا سکے۔اسی طرح زرعی مشینری اور ڈیری فارم کے مویشیوں کو بھی بلند اور محفوظ مقامات پر منتقل کرنا نہایت ضروری ہے۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ سیلابی پانی اترنے کے بعد کھیتوں سے پانی نکالنے کا فوری بندوبست کریں تا کہ فصلوں اور زمین کی زرخیزی کو برقرار رکھا جا سکے اور کاشتکار قریبی زرعی ماہرین سے مقامی حالات کے مطابق مشاورت کریں تا کہ زمین کی بحالی و آئندہ فصلوں کی کاشت کے بارے میں رہنمائی حاصل کریں۔مزید براں، کاشتکار کسی بھی ایمرجنسی صورتحال میں ایگریکلچرل ہیلپ لائن 0800-17000 (پیر تا اتوار صبح 8 بجے تا رات 8 بجے) پر رابطہ کر کے رہنمائی اور معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆